نعت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

سید یونس الحسنی مرحوم*

نبی کی نعت مری زیست کا سہارا ہے
نبی کا نام مجھے دو جہاں سے پیارا ہے

اگرچہ دور ہوں پھر بھی یقین ہے کامل
کہ ان پہ سارا مرا حال آشکارا ہے

انہی کے دم سے ہے مری زندگی کی چہل پہل
انہی کے اسمِ معظم نے دل سنوارا ہے

کبھی جو ہستی کی ناؤ اسیرِ موج ہوئی
درودِ پاک نے ساحل پہ لا اُتارا ہے

کسی کو دولتِ دنیا کسی کو جاگیریں
مجھے تو عشقِ نبی پاک کا سہارا ہے

کوئی مقام ہو یونسؔ یا ابتلا کی گھڑی
بنامِ ختمِ نبوت انھیں پکارا ہے

O

*انتقال: ۴؍جون ۲۰۰۹ء

[اکتوبر ۱۹۸۸ء]